Financial support - benefits: Urdu

# مالی معاونت - بینیفٹس

یہ معلومات بینیفٹس کے متعلق ہے۔ یہ معلومات درج ذیل پر روشنی ڈالتی ہے:

- بینیفٹس کیا ہیں؟
- اگر آپ برطانیہ میں پیدا نہیں ہوئے
- اگر آپ کام نہیں کر سکتے یا آپ کی آمدنی کم ہے
- اگر آپ کی نگہداشت یا نقل و حرکت کی ضروریات ہیں
- اگر آپ کینسر کے کسی مریض کی دیکھ بھال کرتے ہیں
- اگر آپ پنشن کی عمر کے ہیں
- رہائش کے اخراجات میں مدد
- آگے کیا کرنا چاہیے
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- اردو میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکر

ہمیں امید ہے کہ اس حقائق نامہ میں آپ کے سوالات کے جوابات موجود ہیں۔

آپ ہفتہ کے 7 دن صبح 8 - شام 8 بجے تک فری فون **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) لائن پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو برائے مہربانی ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے (کہیں "Urdu")۔

کینسر کے بارے میں اردو میں مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** پر دستیاب ہیں۔

## بینیفیٹس کیا ہیں؟

بینیفیٹس وہ ادائیگیاں ہیں جو حکومت ایسے لوگوں کو دیتی ہے جنہیں مالی امداد کی ضرورت ہو۔ جب آپ کینسر میں مبتلا ہوں، تو آپ بینیفٹس حاصل کر سکتے ہیں، کیونکہ آپ:

- بیمار ہیں
- آپ کو کوئی معذوری ہے
- آپ کی آمدن کم ہے
- کسی کی دیکھ بھال کر رہے ہیں۔

بینیفٹس کئی مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔ یہاں پر ہم کچھ عام بینیفٹس کی وضاحت پیش کرتے ہیں۔

## اگر آپ برطانیہ میں پیدا نہیں ہوئے

تو آپ کو کچھ بینیفٹس نہیں مل سکیں گے، اگر:

- آپ دیگر کسی ملک سے انگلینڈ میں کام یا رہائش کی غرض سے آئے ہوئے ہیں
- آپ پناہ کے متلاشی ہیں۔

قوانین سمجھنے میں مشکل ہو سکتے ہیں۔ آپ میک ملن کو
00 00 808 0808 پر مفت کال کر سکتے ہیں اور مشورہ کے لیے فلاحی حقوق کے ہمارے کسی مشیر کے ساتھ بات کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ کام نہیں کر سکتے یا آپ کی آمدنی کم ہے

- **اسٹیچوٹری سِک پے** ان لوگوں کے لیے ہے جو بیماری کی وجہ سے ملازمت پر نہیں جا سکتے۔ اگر آپ اس کے لیے کوالیفائی کرتے ہیں تو آپ کے آجر کو اس مد میں آپ کو ہر ہفتے لازمی ادائیگی کرنی پڑے گی۔ وہ اسے 28 ہفتوں تک بیماری کے لیے ادا کرے گا۔

- **ایمپلائیمنٹ اینڈ اسپورٹ الاؤنس** ان لوگوں کے لیے ہے جو بیماری یا کسی معذوری کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہ ہوں۔ اگر آپ صرف تھوڑا کام کر سکتے ہوں، تو اس صورت میں بھی آپ کو یہ بینیفٹ مل سکتا ہے۔

- **یونیورسل کریڈٹ** ان لوگوں کے لیے ہے جو ریٹائرمنٹ کی عمر سے کم ہوں اور زیادہ نہ کما سکتے ہوں یا کام نہ کر سکتے ہوں۔ اس میں بنیادی ضروریات کے اخراجات، بچوں کی نگہداشت اور رہائش کے لیے رقم شامل ہو سکتی ہے۔

## اگر آپ کی نگہداشت یا نقل و حرکت کی ضروریات ہیں

- **پرسنل انڈیپینڈینس پیمنٹ** 16 سال سے ریاستی پنشن کی عمر تک کے لوگوں کے لئے ہے جن کو چلنے پھرنے یا اپنی دیکھ بھال کرنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہو۔ اس کے لیے آپ کو کم از کم 3 مہینے سے ان مسائل کا سامنا ہونا ضروری ہے۔ آپ کو کم از کم مزید 9 مہینوں تک لازمی طور پر اس بیماری کے لاحق رہنے کی توقع ہونی چاہیے۔
- **اٹینڈنس الاؤنس** ریاستی پنشن کی عمر یا اس سے بڑے لوگوں کے لیے ہے، جن کے لیے اپنی دیکھ بھال مشکل ہو۔ بیماری یا معذوری کی وجہ سے ایسا ہو سکتا ہے۔ مثلاً، ہو سکتا ہے کہ آپ کو اس طرح کے کاموں میں مدد درکار ہو، جیسے بستر سے اٹھنا، نہانا یا کپڑے وغیرہ پہننا۔ آپ کو کم از کم 6 مہینوں تک لازمی طور پر اس مدد کی ضرورت رہی ہونی چاہیے۔
- اگر آپ کا کینسر لاعلاج ہو اور آپ کا ڈاکٹر سمجھتا ہو کہ آپ شاید 6 مہینوں سے کم زندہ رہیں گے، تو آپ کو خصوصی قوانین کے تحت پرسنل انڈی پینڈنس پیمنٹ یا اٹینڈنس الاؤنس مل سکتا ہے۔ ان قوانین کا مطلب ہے کہ آپ کو بینیفٹ فوراً اور بلند ترین مقدار میں حاصل ہو گا۔ آپ کا ڈاکٹر یا نرس بھی مدد کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ کینسر کے کسی مریض کی دیکھ بھال کرتے ہیں

- **کیئررز الاؤنس** ان لوگوں کے لیے ہے جو کسی ایسے شخص کی مدد کرتے ہیں جسے بہت زیادہ مدد کی ضرورت ہو۔ آپ کی عمر لازمی طور پر 16 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔ لازمی ہے کہ آپ ہفتے میں کم از کم 35 گھنٹوں کے لیے اس شخص کی نگہداشت کرتے ہوں۔ اس کے لیے آپ کا ان کے ساتھ تعلق ہونا یا ساتھ رہنا ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ معاوضہ والا کوئی کام کر رہے ہوں، تو یہ بینیفٹ آپ کو تب بھی مل سکتا ہے۔
- **کیئررز کریڈٹ** کے ذریعے آپ کو کوئی رقم نہیں ملتی۔ لیکن اگر آپ کو کام کرنا بند کرنا پڑے یا آپ کم کام کرتے ہوں، تو یہ آپ کی بعد کی زندگی میں آپ کے اسٹیٹ پینشن کے حق میں مددگار ہو گا۔ کیئررز کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آپ ہفتے میں کم از کم ایک شخص کی 20 گھنٹے یا زیادہ نگہداشت کرتے ہوں۔

## اگر آپ پنشن کی عمر کے ہیں

- **سٹیٹ پنشن** ایک ہفتہ وار ادائیگی ہے، جب آپ کسی مخصوص عمر تک پہنچ جاتے ہیں تو آپ حکومت سے حاصل کر سکتے ہیں.یہ عمر اس پر منحصر ہے کہ آپ کب پیدا ہوئے۔ آپ /-state-pension age**gov.uk پر اپنی سٹیٹ پنشن کی عمر جان سکتے ہیں۔**
- **پنشن کریڈٹ** ان لوگوں کے لئے ہے جو اسٹیٹ پنشن کی عمر تک پہنچ چکے ہیں اور ان کی آمدن کم ہے۔ یہ آپ کو اپنی اسٹیٹ پینشن کے اوپر اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

## رہائش کے اخراجات میں مدد

- **یونیورسل کریڈٹ** کو زیادہ تر لوگوں کے لیے ہاؤسنگ بینفٹ کا متبادل بنا دیا گیا ہے۔ آپ اپنے کرایہ یا رہائش کے دیگر اخراجات میں مدد کے لئے ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ پھر بھی **ہاؤسنگ بینیفٹ** کے لیے اہل ہوئے، تو آپ کو ملنے والی رقم کا انحصار اس بات پر ہو گا کہ آپ کہاں رہتے ہیں، آپ کی عمر اور آپ کے پاس سونے کے کمروں کی تعداد کتنی ہے۔

## آگے کیا کرنا چاہیے

ان معلومات میں، ہم نے صرف چند ایک دستیاب بینیفٹس کے بارے میں بات کی ہے۔ یہ ایک اچھا خیال ہے کہ آپ ہمارے فلاح و بہبود کے کسی مشیر سے بات کریں تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آپ آپ کسی دوسرے بینیفٹس کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ آپ ہمیں **0808 808 00 00** پر مفت کال کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کو ان بینیفٹس کے بارے میں مزید بتا سکتے ہیں، جن کے لیے آپ دعویٰ کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کو درخواست دینے میں بھی مدد دے سکتے ہیں۔

آپ مزید معلومات اور بینیفٹس کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں. ملاحظہ کریں:

- **gov.uk** اگر آپ برطانیہ، اسکاٹ لینڈ یا ویلز میں رہتے ہوں

- **nidirect.gov.uk** اگر آپ شمالی آئرلینڈ میں رہتے ہوں۔

## میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) آپ اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے موجود ہے۔ آپ درج ذیل سے مدد حاصل کر سکتے ہیں:

- **میک ملن سپورٹ لائن )0808 808 00 00( (The Macmillan Support Line)**۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے ہیں، ہمیں انگریزی میں صرف اس کا نام بتائیں۔ ہم آپ کے طبی سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں، معاشی معاونت کے متعلق معلومات فراہم کر سکتے ہیں یا آپ کے احساسات پر بھی آپ کے ساتھ بات چیت کر سکتے ہیں۔ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔

- **میک ملن (Macmillan) کی ویب سائیٹ (macmillan.org.uk)**۔ ہماری سائیٹ پر کینسر اور کینسر کے ساتھ زندگی گزارنے کے متعلق انگریزی زبان میں کافی معلومات موجود ہے۔ اس کے بارے میں **macmillan.org.uk/translations پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں۔**

- **معلومات اور مدد کی سروسز۔** کسی معلوماتی اور مدد کی سروس پر، آپ کسی کینسر اسپورٹ اسپیشلسٹ سے بات کر سکتے ہیں اور تحریری معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔ آپ کے ہسپتال میں بھی مرکز موجود ہو سکتا ہے۔

- **مقامی مدد کے گروپ** – مدد کے کسی گروپ میں آپ ایسے دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں جو کینسر سے متاثرہ ہوں۔ اپنے ارد گرد **macmillan.org.uk/supportgroups** پر جا کر کوئی گروہ تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔

- **میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی** – آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے macmillan.org.uk/community **پر آن لائن بات کر سکتے ہیں**

## [اردو] میں مزید معلومات

ہمارے پاس ان موضوعات پر [اردو] میں معلومات موجود ہیں:

| کینسر کی اقسام | کینسر سے نمٹنا |
|---|---|
| • چھاتی کا کینسر<br>• بڑی آنت کا کینسر<br>• پھیپھڑوں کا کینسر<br>• پراسٹیٹ کینسر<br>**علاج**<br>• کیموتھراپی<br>• ریڈیوتھراپی<br>• سرجری | • اگر آپ میں کینسر کی تشخیص ہو جائے – فوری رہنماء کتابچہ<br>• بینیفٹس کا دعویٰ کرنا<br>• کھانے پینے کے مسائل اور کینسر<br>• زندگی کا اختتام<br>• مالی معاونت - بینیفٹس<br>• مالی امداد - اخراجات میں مدد<br>• صحت بخش غذاء<br>• تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر<br>• کینسر کے علاج کے ضمنی اثرات<br>• آپ اپنی مدد کرنے کے لیے خود کیا کر سکتے ہیں |

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، درج ذیل پر جائیں**macmillan.org.uk/translations**

**ہم سے اردو میں بات کریں**

آپ میک ملن کو **0808 808 00 00** پر مفت کال کر سکتے ہیں اور ایک ترجمان کے ذریعے ہمارے ساتھ اردو میں بات کر سکتے ہیں۔ آپ ہمارے ساتھ اپنی پریشانیوں اور طبی سوالات کے متعلق گفتگو کر سکتے ہیں۔ کال کرتے وقت، انگریزی زبان میں بس 'اردو' کا نام لیں ("Urdu" بولیں)۔

ہمارے دفاتر ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔

## حوالہ جات اور تشکر

یہ معلومات میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ اس کا اردو میں ترجمہ ایک ٹرانسلیشن کمپنی نے کیا ہے۔

یہ معلومات میک ملن کتابچے **ہیلپ ود دی کاسٹ آف کینسر** پر مبنی ہے۔ ہم آپ کو ان کی نقل بھیج سکتے ہیں مگر مکمل کتابچہ صرف انگریزی میں دستیاب ہے۔

اس معلومات کی متعلقہ ایکسپرٹس کی جانب سے نظر ثانی اور نیل ساؤتھ وک، میک ملن فنانشل اسپورٹ پروگرام لیڈ کی جانب سے تصدیق کی گئی ہے۔

بشکریہ: رائے بیسن، ایڈوائس سروس منیجر، ڈس ایبلیٹی سولوشنز ویسٹ مڈلینڈز؛ جسٹین برٹن، میک ملن ویلفیئر رائٹس ٹیم ٹیکنیکل لیڈ؛ دنیس فورڈ، میک ملن ویلفیئر رائٹس ایڈوائزر, اینتھونی مارٹن، میک ملن بینیفٹ سروس پارٹنرشپ منیجر؛ اینڈریو مونٹگومری، بینیفٹ سروس پارٹنرشپ منیجر؛ کیتھرین فلپس، میک ملن ویلفیئر رائٹس ٹیکنیکل لِیڈ؛ اور ٹینا سمتھ، میک ملن ویلفیئر بینیفٹس منیجر، نیتھ پورٹ ٹیلبوٹ کونسل۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے اس ایڈیشن پر نظر ثانی کی۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین ثبوتوں پر مبنی ہے۔ ہمارے استعمال کیے گئے ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **bookletfeedback@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

MAC15139_اردو

| |
|---|
| مندرجات پر نظرثانی: مارچ 2019 |
| اگلی نظر ثانی کا منصوبہ: 2020 |

Health & care information you can trust

The Information Standard Certified Member

ہم یہ یقینی بنانے کے لیے بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ ہماری فراہم کردہ معلومات درست ہوں مگر تسلسل کے ساتھ تبدیل ہونے والی طبی تحقیق کی تازہ ترین صورت حال کے پیش نظر ان معلومات پر انحصار نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی صحت کے حوالے سے کوئی خدشہ ہو، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ ان معلومات کی غیر درستگی یا فریق ثالث کی معلومات مثلاً ان ویب سائیٹس پر موجود معلومات، جن کے ساتھ ہم مربوط ہیں، کی غیر درستگی کی بناء پر ہونے والے کسی طرح کے نقصان کے لیے میک ملن (Macmillan) کوئی ذمہ داری قبول نہیں کر سکتی۔

ہمیں امید ہے کہ آپ ان معلومات کو مفید پائیں گے۔ اگر آپکے کوئی سوالات ہوں تو ہم آپ کو آپ ہی کی زبان میں بذریعہ فون مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ ہماری خدمات مفت ہیں۔ ہمیں اس نمبر 00 00 808 0808 پر فون کریں (ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک) اور انگریزی میں اپنی ترجیحی زبان کا نام بتائیں۔

© میک ملن کینسر اسپورٹ Macmillan Cancer) (Support 2019۔ انگلینڈ اور ویلز (261017),
سکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین میں (604) پر رجسٹر شدہ چیریٹی۔ رجسٹر شدہ دفتر Albert Embankment 89,
London SE1 7UQ۔

Urdu_MAC15139

# Financial support - benefits

This information is about benefits. This information covers:

- What are benefits?
- If you were not born in the UK
- If you cannot work or have a low income
- If you have care or mobility needs
- If you look after someone with cancer
- If you are of pension age
- Help with housing costs
- What to do next
- How Macmillan can help you
- More information in [language]
- References and thanks

We hope this fact sheet answers your questions.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need (say “xxxxx”).

There is more cancer information in [language] at **macmillan.org.uk/translations**

## What are benefits?

Benefits are payments from the government to people who need financial help. When you have cancer, you might be able to get benefits because you:

- are ill
- have a disability
- have a low income
- are looking after someone.

There are many different benefits. Here we explain some common ones.

## If you were not born in the UK

You may not be able to get some benefits if:

- you have come from another country to live or work in the UK
- you are an asylum seeker.

The rules can be hard to understand. You can call Macmillan for free on 0808 808 00 00 and speak to one of our welfare rights advisers for advice.

## If you cannot work or have a low income

- **Statutory Sick Pay** is for people who need to take time off from their job because they are ill. If you qualify for this, your employer must pay it to you each week. They will pay it for up to 28 weeks of illness.

- **Employment and Support Allowance** is for people who cannot work because they are ill or have a disability. You may also be able to get this benefit if you can only do a small amount of work.

- **Universal Credit** is for people under retirement age who do not earn much money or cannot work. It can include money for basic living costs, looking after children and housing.

## If you have care or mobility needs

- **Personal Independence Payment** is for people aged 16 to State Pension age who have problems moving around or looking after themselves. You must have had these problems for at least 3 months. You must expect to have them for at least 9 more months.
- **Attendance Allowance** is for people at or above State Pension age who have problems looking after themselves. This can be because they are ill or have a disability. For example, you might need help with things like getting out of bed, having a bath or getting dressed. You must have needed this help for at least 6 months.
- If your cancer cannot be cured, and your doctor thinks you may live for less than 6 months, you may be able to get Personal Independence Payment or Attendance Allowance under special rules. These rules mean you can get the benefit quickly and at the highest amount. Your doctor or nurse can help you with this.

## If you look after someone with cancer

- **Carer's Allowance** is for people looking after someone who needs a lot of help. You must be aged 16 or over. You must be caring for the person for at least 35 hours a week. You do not need to be related to them or living together. You can get this benefit even if you do some paid work.
- **Carer's Credit** does not give you any money. But if you have to stop working, or work less, it helps protect your right to a State Pension later in life. You must look after at least one person for 20 hours or more a week to get Carer's Credit.

## If you are of pension age

- **State Pension** is a weekly payment you can get from the government when you reach a certain age. This age depends on when you were born. You can find out your State Pension age at **gov.uk/state-pension-age**
- **Pension Credit** is for people who have reached State Pension age and have a low income. It gives you an extra amount on top of your State Pension.

## Help with housing costs

- **Universal Credit** has replaced Housing Benefit for most people. You may be able to get a payment to help with your rent or other housing costs.
- If you are still eligible for **Housing Benefit**, the amount you can get depends on where you live, your age and the number of bedrooms you have.

## What to do next

In this information, we have only talked about some of the benefits that are available. It is a good idea to talk to one of our welfare rights advisers to see if you can claim any other benefits. You can call us free on **0808 808 00 00**. We can tell you more about which benefits you may be able to claim. We can also help you apply.

You can find more information and apply for benefits online. Visit:

- **gov.uk** if you live in England, Scotland or Wales
- **nidirect.gov.uk** if you live in Northern Ireland.

## How Macmillan can help you

Macmillan is here to help you and your family. You can get support from:

- **The Macmillan Support Line (0808 808 00 00)**. We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can answer medical questions, give you information about financial support, or talk to you about your feelings. The phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm.
- **The Macmillan website (macmillan.org.uk)**. Our site has lots of English information about cancer and living with cancer. There is more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**
- **Information and support services**. At an information and support service, you can talk to a cancer support specialist and get written information. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us. Your hospital might have a centre.
- **Local support groups** – At a support group you can talk to other people affected by cancer. Find a group near you at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us.
- **Macmillan Online Community** – You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community**

## More information in [language]

We have information in [language] about these topics:

| Types of cancer | Coping with cancer |
|---|---|
| • Breast cancer<br>• Large bowel cancer<br>• Lung cancer<br>• Prostate cancer<br>**Treatments**<br>• Chemotherapy<br>• Radiotherapy<br>• Surgery | • If you're diagnosed with cancer – A quick guide<br>• Claiming benefits<br>• Eating problems and cancer<br>• End of life<br>• Financial support – benefits<br>• Financial support – help with costs<br>• Healthy eating<br>• Tiredness (fatigue) and cancer<br>• Side effects of cancer treatment<br>• What you can do to help yourself |

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

**Speak to us in [language]**

You can call Macmillan free on **0808 808 00 00** and speak to us in [language] through an interpreter. You can talk to us about your worries and medical questions. Just say [language] in English when you call (say "xxxxx").

We are open 7 days a week, 8am to 8pm.

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated into [language] by a translation company.

This information is based on the Macmillan booklet **Help with the cost of cancer**. We can send you a copy, but the full booklet is only available in English.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by Neal Southwick, Macmillan Financial Support Programme Lead.

With thanks to: Roy Beeson, Advice Service Manager, Disability Solutions West Midlands; Justine Burton, Macmillan Welfare Rights Team Technical Lead; Denise Forde, Macmillan Welfare Rights Adviser, Anthony Martin, Macmillan Benefit Service Partnerships Manager; Andrew Montgomery, Macmillan Benefit Service Partnerships Manager; Kathryn Phillips, Macmillan Welfare Rights Technical Lead; and Tina Smith, Macmillan Welfare Benefits Manager, Neath Port Talbot Council.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this edition.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **bookletfeedback@macmillan.org.uk**

MAC15139_Language

Health & care information you can trust
The Information Standard Certified Member

Content reviewed: March 2019

Next planned review: 2020

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate but it should not be relied upon to reflect the current state of medical research, which is constantly changing. If you are concerned about your health, you should consult your doctor. Macmillan cannot accept liability for any loss or damage resulting from any inaccuracy in this information or third-party information such as information on websites to which we link.

© Macmillan Cancer Support 2019. Registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Registered office 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

MAC15139_Language